سبق: 4

گیہوں بُونا، جَو کاٹنا

ایک بار حکیم لُقمان کو زمانے کی گردِش نے کسی کسان کا غلام بنا دیا، جو سخت جاہل اور نہایت غافل آدمی تھا۔

حکیم نے آقا کو نصیحت کرنی چاہی مگر سوچا کہ یوں زبانی باتوں سے اس کے مردہ دِل پر کچھ اثر نہیں ہوگا، اس لئے مناسب موقع کا انتظار کرتا رہا۔

ایک روز آقا نے یہ حکم دیا کہ جاؤ! کھیت میں گیہوں بو دو، حکیم نے فوراً جَو لے جا کر کھیت میں چھڑک دیئے۔ مگر کھیت اُس وقت دیکھنے کو نکلا جب اس میں فصل تیاری کے قریب پہنچ گئی تھی۔

اس نے اپنے حکم کے برخلاف گیہوں کے بجائے جَو کی فصل دیکھی تو نہایت غضب ناک ہو کر غلام سے پوچھا کیا میں نے تجھ سے گیہوں بونے کی فرمائش نہیں کی تھی؟۔

حکیم نے جواب دیا، حضور! بے شک میں نے آپ کے حُکم کے خلاف جَو بو دیئے لیکن مُجھ کو اُمید یہی ہے کہ غلّہ اُٹھانے کے وقت ہم یہاں سے گیہوں سمیٹ کر لے جائیں گے۔

اس جواب نے کسان کے غصّہ کو اور بھی زیادہ بھڑکا دیا۔ وہ غضب ناک ہو کر بولا، ''کیا اُلٹی سمجھ کا آدمی ہے! بھلا یہ کیسے ممکن ہے کہ بوئیں جَو اور کاٹیں گیہوں؟''

اب حکیم کے نزدیک نصیحت کرنے کا مناسب موقع تھا۔ اس نے نہایت نرمی سے کہا، حضرت! یہ بات تو میں نے آپ ہی کے طور طریق سے سیکھی ہے، کیوں کہ میں ہمیشہ دیکھتا ہوں کہ آپ گناہ اور بدی میں مصروف رہتے ہیں لیکن پھر بھی خُدا سے جزائے خیر کی اُمید کرتے ہیں۔

پڑھیے اور سمجھیے

الفاظ	معانی
گردش	چکّر، ہیر پھیر، مصیبت
غُلام	نوکر، ملازم
جَاہل	اَن پڑھ
غافل	بے خبر
آقا	مالک
نصیحت	اَچھی رائے، بھلے کی بات
مُردہ دِل	جس کے دل پر کوئی اثر نہ ہو۔ بے جان دل
بَرخلاف	اُلٹا، مخالف
غضب ناک	غصہ میں بھرا ہوا
غلّہ	اَناج
گناہ	قصور، خطا، پاپ
بَدی	بُرائی
مصروف	کام میں لگا ہوا
جزائے خیر	نیکی کا بدلہ بھلائی کا پھل

سوچیے اور بتائیے

1. کسان نے حکیم کو کیا حکم دیا؟
2. کسان نے کھیت میں کیا اُگا ہوا پایا؟
3. حکیم کے جواب نے کسان کے غصہ کو اور بھی زیادہ کیوں بھڑکا دیا؟
4. حکیم نے کسان کو کیا نصیحت کی؟

نیچے لکھے ہوئے لفظوں کی اضداد لکھیے

غلام	جاہل	قریب	اُلٹی	بھلائی	نرمی

نیچے دئے گئے لفظوں سے جملے بنائیے

آدمی حکیم کسان نصیحت مالک

استاد کی شاگرد سے گفتگو:

اُستاد : اَشرف میاں ! آپ کیا کر رہے ہیں؟

اَشرف : جناب! میں حساب کے سوال حل کر رہا ہوں۔

اُستاد : بہت اچھے!

اُستاد : اظہر بابو آپ کیا کر رہے ہیں؟

اظہر : میں نظیر اکبر آبادی کی نظم ''برسات کی بہاریں'' یاد کر رہا ہوں

S.S.A. 2013-14 (Free)

اُوپر کے جملوں میں' کررہے ہیں' حساب کے سوال حل کررہا ہوں، یاد کررہا ہوں، سے کسی کام کا ہونا سمجھا جارہا ہے۔ اسے ہی فعل کہتے ہیں۔

ایسے تین جملے لکھیے جن سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا پتہ چلتا ہو۔

1 ....

2 ....

3 ....